ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

تیسرا ویمنز ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل: پاکستان نے بنگلہ دیش کو 31 رنز سے ہرادیا

منیبہ علی کے 61 اور بسمہ معروف کے 48 رنز، سعدیہ اور عالیہ کی دو دو وکٹیں

چٹوگرام 29 اکتوبر 2023ء:

پاکستان ویمنز نے بنگلہ دیش ویمنز کو تیسرے ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل میں 31 رنز سے شکست دیدی۔

اسطرح تین میچوں کی یہ سیریز دو ایک سے بنگلہ دیش کے نام رہی جس نے پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل 5 وکٹوں سے اور دوسرا ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل 20 رنز سے جیتا تھا۔

چٹوگرام کے ظہور احمد چوہدری اسٹیڈیم میں کھیلے گئے تیسرے میچ میں بنگلہ دیش ویمنز نے ٹاس جیت کر پاکستان ویمنز کو بیٹنگ دی جس نے مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 132 رنز بنائے۔

جواب میں بنگلہ دیش ویمنز کی ٹیم 9 وکٹوں پر 101 رنز بنا پائی۔

پاکستان ویمنز کی اننگز کی خاص بات منیبہ علی اور بسمہ معروف کی عمدہ بیٹنگ تھی جنہوں نے سدرہ امین کے صرف 2 رنز پر آؤٹ ہونے کے بعد دوسری وکٹ کی شراکت میں 106 رنز کا اضافہ کیا۔ منیبہ علی نے 49 گیندوں پر 61 رنز اسکور کیے جس میں آٹھ چوکے شامل تھے۔

یہ ان کی ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل میں پہلی نصف سنچری ہے۔ اس سے قبل وہ اسی سال آئرلینڈ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں سنچری اسکور کر چکی ہیں۔

بسمہ معروف نے 49 گیندوں پر 48 رنز کی اننگز کھیلی جس میں دو چوکے شامل تھے۔

میزبان ٹیم کی طرف سے فریحہ نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

بنگلہ یش ویمنز کی اننگز کے پہلے ہی اوور میں سعدیہ اقبال نے سمعیہ اختر کو چار رنز پر ایل بی ڈبلیو کر دیا۔

شمیمہ سلطانہ اور سبحانہ اسکور کو 38 رنز تک لے گئیں لیکن اس کے بعد پاکستان ویمنز کی بولرز نے میچ پر اپنی گرفت مضبوط کر لی۔

سبحانہ 17 اور شمیمہ 26 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔ عالیہ ریاض نے ایک ہی اوور میں ناہیدہ اختر کو 5 رنز پر اور شریفہ خاتون کو 18 کے انفرادی اسکور پر آؤٹ کر دیا۔

پاکستان ویمنز کی طرف سے سعدیہ اقبال نے 19 اور عالیہ ریاض نے 24 رنز دے کر دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ ندا ڈار، نشرہ سندھو، ام ہانی اور اپنا پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل کھیلنے والی وحیدہ اختر نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

آج پاکستان نے نجیہہ علوی اور وحیدہ اختر کو ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل کیپ دی۔

اب دونوں ٹیموں کے درمیان تین ون ڈے انٹر نیشنل میچ تین، چھ اور نو نومبر کو ڈھاکہ میں کھیلے جائیں گے جو آئی سی سی چیمپئن شپ کا حصہ ہونگے۔

مختصر اسکور:

پاکستان ویمنز 132 رنز 4 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز) منیبہ علی 61، بسمہ معروف 48، فریحہ 21/2 وکٹ

بنگلہ دیش ویمنز 101 رنز 9 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز) شمیمہ سلطانہ 26، سعدیہ اقبال 19/2 وکٹ، عالیہ ریاض 24/2 وکٹ

-ENDS -

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial